# پاکستان تحریک انصاف نے نگران وزیراعظم کے بیانات کو نہایت غیرذمہ دارانہ، تشویشناک اور ناقابلِ قبول قرار دے دیا

انوار الحق کاکڑ کے بیانات ملک میں جاری غیرآئینی و غیراخلاقی سیاسی انجینئرنگ میں نگران حکومت کے کردار کی نشاندہی کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

نگران وزیراعظم دستور میں طے شدہ ذمہ داری ادا کرنے کے بجائے غیرمتعلّقہ معاملات میں بیان بازی کرکے الجھاؤ پیدا کرنے اور قوم کا وقت ضائع کرنے کی کوشش کررہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف یا چیئرمین تحریک انصاف کو انتخابات سے باہر کرنا نگران وزیراعظم کے بس میں ہے نہ قوم ایسی کسی سازش کو قبول کرے گی، ترجمان تحریک انصاف

عدالتوں سے سزا یافتہ بھگوڑے کی وطن واپسی کے اعلان پر قانون کے نفاذ کے حوالے سے نگران وزیراعظم کی زبان و بیان سے جھلکتی نرمی مجرمانہ ”لندن پلان“ کا شاخسانہ ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف پر بے بنیاد الزامات لگاکر جبر و فسطائیت کا بازار گرم کرنے والے انوارالحق کاکڑ اپنے بیان کی قوم کے سامنے کیا توجیہہ کریں گے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کا مستقبل نسبتاً بہتر نہیں، کلیتاً منصفانہ، غیرجانبدارانہ اور ہر لحاظ سے شفاف انتخابات میں پوشیدہ ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف یا چیئرمین عمران خان کو بیلٹ پیپر سے غائب کرنے کی مکروہ کوشش ملک و قوم کیخلاف مجرمانہ اقدام ہوگا، جسے ہرگز برداشت نہ کیا جائے گا، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ